افادات ابن عربیؒ

شاہ محب اللہؒ الہ آبادی

ادارۂ انیس اردو الہ آباد ۲

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

سلسلہ مطبوعات الہ آباد لٹریری و کلچرل ایسوسی ایشن، الہ آباد

افاداتِ شیخ محی الدین ابنِ عربی

(فصوص الحکم)

شارح

حضرت شیخ محب اللہ الہ آبادی

مترجمین

شاہ غلام مصطفےٰ مہرونڈوی
و
شاہ محمد باقر الہ آبادی

ادارۂ انیسِ اُردو۔ الہ آباد

Marfat.com

39325

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ھین

پرنٹر عبدالمجید

اسرار کریمی پریس، الہ آباد

بار اول سنہ ۱۹۶۱ء

قیمت تین روپے

Marfat.com

ذخیرہ کتب حکیم محمد موسیٰ امرتسری

دور حاضرہ میں نشرواشاعت کی دشواریوں میں جس قدر اضافہ ہوا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے لیکن نامناسب حالات کے باوجود ادارہ انیس اُردو الہ آباد نے آنے والی نسلوں کے ادبی اور شعور کو مدنظر رکھتے ہوئے پورے بھروسے کے ساتھ تالیف وتصنیف اور اعلیٰ معیاری اور تعمیری ادب کی نشرواشاعت کی اہم ذمّہ داری اپنے سر لی ہے، اور ہمیں امید ہے انشاء اللہ ہماری کوششیں کامیاب ہوں گی۔

ہمیں یقین ہے کہ جس حُسن نیت سے اس ادارہ نے اس سلسلہ کا آغاز کیا ہے اسی وسعت قلب سے ہماری ہمت افزائی بھی کیجائیگی۔

سکریٹری نشرواشاعت

ادارہ انیس اُردو
الہ آباد

Marfat.com

Marfat.com

ذخیرہ حکیم محمد موسیٰ امرتسری

پیش لفظ

پیش نظر تصنیف شیخ محی الدین ابن عربی کی کتاب فصوص الحکم کی فارسی زبان میں شرح ہے جسے ہندوستان کے تاریخی شہر الٰہ آباد کے ایک جید عالم اور درویش کامل شاہ محب اللہ الٰہ آبادی نے لکھی۔

ابن عربی جو عام طور پر شیخ اکبر کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں، ۵۶۰ھ میں اسپین کے شہر مُرسیہ میں پیدا ہوئے۔ جب آٹھ سال کے ہوئے تو آپ کو اشبیلیہ بھیجا گیا جہاں حدیث و فقہ کی تعلیم حاصل کی ۵۹۰ھ میں آپ نے ترک وطن کیا اور سیر و سیاحت کرتے ہوئے مصر و شام، حجاز و بغداد اور موصل و ایشیائے کوچک پہونچے، شہر قونیہ میں ایک عرصہ تک قیام کرنے کے بعد دوبارہ ملک شام واپس آئے اور وہیں زندگی کا آخری حصہ گزار کر ۶۳۸ھ میں دمشق میں راہی ملک بقا ہوئے مقام صالحیہ میں آپ کا مزار آج تک مرجع خاص و عام ہے۔

ابن عربی نے عبادت، ریاضت اور مجاہدہ و مراقبہ میں نہایت درجہ انہماک کے باوجود بے شمار تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ چنانچہ نفحات الانس کے مصنف مولانا عبدالرحمن جامی کے قول کے مطابق آپ کی تصانیف کی تعداد پانچ سو ہے۔ امام شعرانی نے الیواقیت والجواہر میں ان کی تعداد چار سو لکھی ہے۔ مشہور جرمن مستشرق بروکلمان نے تقریباً ایک سو چالیس تصانیف کا ذکر کیا ہے جو آج بھی مطبوعہ

Marfat.com

یا مخطوط شکل میں دنیا کی مختلف لائبریریوں میں محفوظ ہیں۔ بہرکیف اس میں کوئی شک نہیں کہ مسلمان مصنفین کے درمیان کثرت تصنیف و تالیف کے لحاظ سے آپ کا مقام بہت بلند ہے، جہاں تک ان کے موضوع بحث کا تعلق ہے میرے خیال میں وہ سب کی سب علم تصوف سے متعلق ہیں۔ آپ نے اپنی ساری جدوجہد صوفیانہ اسرار و رموز ہی کی توضیح و تشریح میں صرف کی۔

اس میں کوئی مبالغہ نہیں کہ بہ نسبت دوسری کتابوں کے فصوص الحکم نے صوفیانہ عقیدے کی تشکیل میں بہت گہرا اثر ڈالا کیونکہ یہی وہ تصنیف ہے جس میں شیخ اکبر نے مسئلہ وحدۃ الوجود کو نہایت واضح اور مکمل شکل میں پیش کیا اور اس سے متعلق دوسرے مسائل کو ایسے دلکش اور لطیف انداز میں مُدون کیا جس کی نظیر کسی اور کتاب میں نہیں مل سکتی۔ اس کے مقدمہ میں آپ فرماتے ہیں کہ "میں دمشق میں ۶۲۷ھ کے ماہ محرم الحرام کے آخری عشرہ میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا جبکہ آپ کے دست مبارک میں ایک کتاب تھی۔ مجھ سے فرمایا کہ یہ کتاب فصوص الحکم ہے اس کو لو اور لوگوں کے سامنے پیش کر دو تاکہ اس سے نفع حاصل کریں تو میں نے السمع والطاعہ کہتے ہوئے اس خدمت کو قبول کرلیا"۔ اسی کی برکت تھی کہ یہ کتاب شروع ہی سے علمائے کرام کے درمیان بہت زیادہ مقبول رہی۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ اب تک اس کی بے شمار شرحیں لکھی گئیں۔ اس کے شارحین میں حسب ذیل علما خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

(۱) ابن الزملکانی کمال الدین انصاری متوفی ۷۲۷ھ (۲) مولانا عبدالرحمٰن جامی متوفی ۸۹۸ھ (۳) سید علی بن شہاب ہمدانی متوفی ۷۸۶ھ (۴) شیخ داؤد قیصری

Marfat.com

متوفی ۷۵۱ھ (۵) کمال الدین عبدالرزاق کاشی متوفی ۷۳۰ھ (۶) موئدالدین جندی صوفی (۷) شیخ سعدالدین محمد فرغانی (۸) شیخ بایزید خلیفہ رومی (۹) شیخ بالی آفندی متوفی ۹۶۰ھ (۱۰) شیخ مظفرالدین علی شیرازی متوفی ۹۲۲ھ (۱۱) شیخ محمد بن صالح کاتب (۱۲) سید نعمت اللہ (۱۳) شیخ صابرالدین برکت (۱۴) مولانا یحیی بن علی متوفی ۱۰۰۰ھ (۱۵) شیخ عارف عبداللہ آفندی متوفی ۱۰۵۴ھ۔

لیکن چونکہ مسئلہ وحدۃ الوجود علمی سے زیادہ ذوقی اور کیفی ہے اسلئے جو علماء اس کی لذت آشنا نہ تھے انھوں نے طرح طرح کے اعتراضات وارد کئے اور فصوص کی شرحیں تردید کے انداز میں لکھیں مثلاً شیخ ابراھیم حلبی نے جو جامع سلطان محمد خاں کے خطیب تھے فصوص الحکم کے رد میں ایک کتاب لکھی جس کا نام نعمۃ الذریعہ فی نصر الشریعہ ہے لیکن بعض دوسرے محقق علماء نے شیخ اکبر کی حمایت میں بھی کتابیں لکھیں اور ثابت کیا کہ آپ کے اقوال شریعت مطہرہ کے عین مطابق ہیں۔ ان ہی بزرگوں میں سے ایک شیخ مکی ہیں جو سلطان سلیم خاں بن بایزید خاں کے خاص مصاحبین میں تھے انھوں نے ایک رسالہ "الجانب الغربی فی حل مشکلات الشیخ محی الدین ابن عربی" کے عنوان سے لکھا۔ اس کا ایک عمدہ اور قدیم نسخہ آج بھی برٹش میوزیم لندن کی لائبریری میں موجود ہے۔

ہندوستان میں بھی اکثر علماء و شیوخ نے فصوص الحکم سے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا اور اس کتاب پر مفید شرحیں لکھیں مثلاً (۱) شیخ علاء الدین علی مہائمی متوفی ۸۳۵ھ (۲) سید محمد بن یوسف حسینی دہلوی (۳) سید شرف الدین دہلوی متوفی ۹۵۰ھ (۴) شیخ شمس الدین دہلوی متوفی ۹۷۰ھ (۵) سید اشرف بن ابراہیم کچھوچھوی متوفی ۸۰۸ھ (۶) شیخ عبدالنبی شطاری گجراتی (۷) شیخ عبدالکریم سلطانپوری

Marfat.com

(۸) شیخ عبدالنبی نقشبندی (۹) شیخ غلام مصطفیٰ تھانیسری (۱۰) شیخ نورالدین گجراتی متوفی ۱۱۵۵ھ (۱۱) شیخ علی اصغر صدیقی قنوجی (۱۲) شیخ محمد حسن امروہوی (۱۳) شیخ جمال الدین گجراتی متوفی ۱۱۲۴ھ۔

خود شہر الہ آباد میں جو ہمیشہ سے علم و حکمت کا مرکز رہا ہے اس بلند پایہ کتاب کے ساتھ خصوصی اعتنا برتا گیا چنانچہ شیخ محمد افضل الہ آبادی نے اس کی دو شرحیں لکھیں جن میں ایک کا نام تایید الفہم ہے۔ اسی طرح ایک دوسرے بزرگ شیخ طاہر بن یحییٰ الہ آبادی نے بھی اس کی شرح لکھی۔ ظاہر ہے کہ شیخ محب اللہ الہ آبادی جو صحیح معنوں میں نہ صرف الہ آباد بلکہ ہندوستان کے اندر شیخ اکبر کے شارح اور ترجمان ہونے کے بجا طور پر مصداق تھے، اس کتاب کو کس طرح نظر انداز کر سکتے تھے چنانچہ موصوف نے اس سلسلے میں بہت کچھ لکھا ہے ان میں سے فصوص الحکم کی دو شرحیں مشہور ہیں ایک عربی زبان میں اور دوسری فارسی میں جو آج آپ کے سامنے پیش کی جا رہی ہے۔

شیخ محب اللہ الہ آبادی عہد شاہجہانی کے ایک برگزیدہ صوفی صافی اور جید عالم تھے علوم عقلی و نقلی کی تکمیل کے بعد جب طلب حق کا شوق دامنگیر ہوا تو دہلی جا کر حضرت قطب الدین بختیار کاکی کے آستانہ پر بغرض استخارہ حاضر ہوئے شیخ موصوف کے یہاں سے حکم ہوا کہ فی الحال شیخ صابر علی کا سلسلہ زیادہ ترقی پر ہے اور شاہ ابوسعید گنگوہی (جو شاہ عبدالقدس گنگوہی کے احفاد امجاد میں سے تھے) کی جانب اشارہ فرمایا گیا چنانچہ آپ شاہ ابوسعید کی خدمت میں حاضر ہو کر شرف بیعت سے مشرف ہو گئے۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ ایک دن شیخ گنگوہی نے

Marfat.com

فرمایا" اے محب اللہ بیا ترا انجدا رسانیدم و ولایت پورب بتو ارزانی داشتم"
ایک نووارد کو اس قدر جلد مقبول و مقرب ہوتے دیکھ کر دوسرے عقیدتمند جو عرصہ دراز سے شاہ موصوف کی خدمت میں کسب فیض وکمال میں مشغول تھے ملول و دلگیر ہوگئے تو شاہ موصوف نے ان سے مخاطب ہوکر فرمایا" محب اللہ کہ آمد کہ دریک دست چراغ و بیک دست آتش آوردہ ہمیں کہ دم زدم روشن شد ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ مارا دریں کار چہ تاخیر کہ خدائے تعالیٰ جلدی کردہ"۔

غرضکہ شیخ محب اللہ نے شاہ ابوسعید گنگوہی کے مبارک ہاتھوں سے پیران چشت کا خرقۂ خلافت زیب تن فرمایا اور آپ کے حسب ارشاد قصبہ صدر پور واپس ہوئے جو آپ کا قدیمی وطن تھا کچھ عرصہ قیام کے بعد شیخ محمد عبد الحق کی زیارت کی غرض سے دہلی تشریف لے گئے اور جب شیخ مخدوم کی جانب سے اجازت حاصل ہوگئی تو دہلی سے روانہ ہوکر پھر وطن پہنچے اس کے بعد الٰہ آباد تشریف لائے اور یہاں پر مستقل سکونت اختیار فرمائی۔ الہ آباد میں تقریباً [illegible] سال تک آپ سجادۂ ارشاد و ہدایت پر متمکن رہے اور آپ کی حسن تربیت سے ایک دنیا فیضیاب ہوئی۔ آخر کار بتاریخ ۹ رجب ۱۰۵۸ھ روز [illegible] داعیٔ اجل کو لبیک کہا ؎

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق ثبت است بر [illegible]

شیخ نے فصوص الحکم کی شرحوں کے علاوہ حقائق و معارف میں اور بہت گراں قدر کتابیں تصنیف کیں جن میں سے کتاب التسویہ، غایۃ الغایات [illegible]

Marfat.com

انفاس الخواص، مناظر اخص الخواص، رسالہ فی مبحث الوجود المطلق، ہفت احکام اور سہ رکنی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

کتاب التسویہ کی اہمیت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ خود شیخ نے اس کی شرح لکھی اور دوسرے علمار کبار نے بھی اس کی مختلف شرحیں لکھیں مثلاً شیخ محمد فیاض زینبی، شیخ عبداللہ نقشبندی دہلوی، شیخ محمد افضل الہ آبادی، مولانا محمد عبدالحلیم انصاری لکھنوی اور سید علی اکبر حسینی دہلوی ثم فیض آبادی۔ یہ کتاب کس طرح بادشاہ اورنگ زیب کی نظر سے گزری اور بادشاہ نے اس سے کیا اثر لیا اس تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں اس کے لئے ایک مستقل بحث درکار ہے۔

ابھی حال میں راقم السطور مسلم یونیورسٹی لائبریری علیگڈھ کے مخطوطات سیکشن کی زیارت کے لئے گیا تھا، وہاں غایۃ الغایات کا ایک عمدہ نسخہ محفوظ ہے۔

بہرکیف شیخ محب اللہ الہ آبادی کی یہ کتب (شرح فصوص الحکم) ہندوستانی تصوف کا بڑا قیمتی شاہکار ہے اور ادارہ انیس اردو، الہ آباد قابل صد مبارکباد ہے کہ اس کی سعی واعتنار سے یہ کتاب اردو ترجمہ کے ساتھ پہلی بار شائقین کے ہاتھوں میں پہونچ رہی ہے۔

غلام مرتضیٰ

الہ آباد یونیورسٹی

۲۸؍ اپریل سنہ ۱۹۶۱ء

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الحمد للہ الولی والصلوٰۃ علی النبی الامی
وآلہ التقی وصاحبہ النقی ق بسم اللہ
الرحمن الرحیم ل کلمہ با متعلق بمحذوف است
وہو الف واکتب ہذا الکتاب یعنی بنام
ذات پاک واجب الوجود کہ در ہستی خود
بچیزے محتاج نیست ان اللہ غنی
عن العالمین وہر موجود عینی و ظلی
بوے محتاج است بیت ای وجود
تو اصل ہر موجود + ہستی وبودہ وخواہی بود
چہ نقش عین ثابتہ ہر شی بروح ثبوت
از خامہ فیض اقدس ادنبشتہ ومر گنجینہ
اعیان جمیع اشیار را بروز ہستی بیک
جنبش فیض مقدس او گشتہ چہ بی
جنبش آب مرحباب را وجود
متصور نیست یعنی ذات مقدس
او بہر شے محیط باشد الا انہ
بکل شیئٍ محیط ۵

شروع کرتا ہوں نام سے اللہ کے جو رحمٰن اور رحیم ہے
جمیع حمد اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت ہے جو ولی
ہے اور درود نبی الامی اور اُن کے آل پر جو کہ
صاحب تقی و نقی ہیں نازل فرمایا حرف با محذوف
ہے اور یہ کہ تالیف کرتا ہوں اور لکھتا ہوں اس
کو یعنی شروع کرتا ہوں میں اُس ذات پاک
واجب الوجود کے نام سے کہ جو اپنے ہستی میں
کسی چیز کا محتاج نہیں ہے ان اللہ غنی عن العالمین
اور ہر موجود عینی و ظلی اُس کے محتاج ہیں ۵
اے کہ وجود تیرا ہر موجود کی اصل وجڑ ہے تو ہی
موجود ہے اور تو ہی پہلے بھی تھا اور تو ہی رہیگا
ہر شی کے عین ثابتہ کا نقش اُسکے ثبوت کے تختی پر
فیض اقدس کے قلم سے لکھا گیا ہے اور تمامی اشیار
کے اعیان کا خزانہ اُسکے فیض مقدس کے حرکت
وجنبش سے ظاہر ہوا ہے اسلئے کہ جب تک پانی
میں حرکت وجنبش نہ ہوگی حباب ظاہر و پیدا
نہیں ہوسکتا یعنی اُس کی ذات مقدس ہر شے
احاطہ کئے ہوئے ہے تحقیق اللہ تعالیٰ ہر شے کا محیط ہے

۵ تحقیق اللہ دونوں جہان سے غنی ہے

Marfat.com

نہ احاطہ بحر مر حیتان را ونہ
جبطۂ حیطان مر بستان را
وگرنہ قدم ثنویت درمیان آید
واثنینیت روی نماید چہ سور
دیگر است ومقر دیگر واہل ورود
دیگر بلکہ چوں احاطۂ زید بوجہ
زید ورجل وسائر اعضا وقوای
او باشد کان اللہ سمعہ الذی
یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ
ویدہ الذی یبطش بہا بلکہ چوں
احاطہ زید مر سمع وبصر ویدراست
وہو السمیع البصیر ذالک بان اللہ
ہو الحق وان تدعون من دونہ
ہو الباطل[4] الا کل شی ما خلا اللہ
باطل بیت اگر کافر زبت
آگاہ گشتے + کجا در دین خود
گمراہ گشتے + کیف ذاتی کہ صاحب
رحمت امتنانیہ است کہ مطلع

جس طرح پانی مچھلی کا یا چہار دیواری باغ کا احاطہ کئے ہوئے ہے
اللہ تعالیٰ کا احاطہ اسطرح نہیں ہے اگر اللہ تعالیٰ کا احاطہ اسطرح
ہوتا تو دوئی کا قدم درمیان میں آجاتا۔
اور دوئی پائی جاتی اسلئے کہ شہر پناہ اور قیام گاہ اور اُس میں
ٹھہرنے والے علیٰحدہ علیحدہ چیزیں ہیں اللہ تعالیٰ اشیاء کا محیط اسطرح
سے ہے کہ جسطرح زید اپنے چہرہ وہاتھ و پانوں اور اپنے تمامی اعضاء
کا ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس کا سمع ہوجاتا ہے
جس سے وہ سنتا ہے اور اللہ تعالیٰ اُسکی آنکھ ہے جس سے وہ دیکھتا ہے
اور اللہ تعالیٰ اُس کا ہاتھ ہوجاتا ہے جس سے وہ پکڑتا ہے یا یوں
کہیئے کہ جس طرح زید اپنے سمع و بصر و ہاتھ اور تمامی
اعضاء کا محیط ہے۔
وہو السمیع البصیر[1]۔ ذالک بان اللہ[2] ہو الحق۔
وان تدعون[3] من دونہ ہو الباطل۔ الا کل شی
ما خلا اللہ باطل بیت
اگر کافر بت سے آگاہ ہوتا تو کب دین میں اپنے
گمراہ ہوتا
اُس کے ذات کی کیفیت و حالات جو کہ رحمت
امتنانیہ کے صفت سے متصف ہے بیان

---

۱ وہی سمیع و بصیر ہے ۲ وہ تحقیق اللہ حق ہے ۳ اور تحقیق جو کچھ پکارتے ہیں اُس کے علاوہ وہ باطل ہے ۴ تحقیق کل شے اگر اللہ سے خالی ہوتی باطل ہوتی۔

Marfat.com

اعمال جمیلہ ملحوظ نظر پاک او
نباشد صالح و طالح بر جناب
او ممتاز نگردد از ینجا میگوئی یا
رحمٰن الدنیا و گفت رحمتی وسعت
کل شیئ حتی الغضب وہذا الاسم
لا یطلق علیٰ ما یطلق علیہ غیر الحق
چہ این صفت در غیر متحقق
نیست فہو کالعلم لہ تعالیٰ حتی
اجری علیہ قولہ الرحیم یعنی صاحب
رحمت وجوبیہ است کہ نظر بر جمال
اعمال طیبہ دارد و ترتیب
ثواب را بر اعمال طیبہ بر ذات
خود التزام نمودہ است از ینجا
رحمت وجوبیہ خوانند و فی الحقیقت
ما فی الوجود الا رحمۃ امتنانیۃ
چنانکہ انکشاف این معنی کہ
موجب انشراح خاطر گردد

ہی نہیں ہو سکتی کسی کے اچھے اعمال پر اُس کی پاک نظر
نہیں پڑتی سعید و شقی اُس کے دربار میں ایک ہی ایک
دوسرے سے ممتاز نہیں ہیں اسی سبب سے ہم سب کہتے ہیں کہ اپنے تمامی
مخلوقات پر بے انتہا رحم کرنیوالے آپ نے خود ہی اپنے کلام پاک
سے ہم سب کو بشارت دی ہے کہ میری رحمت ہر چیز پر واسع ہے
یہانتک کہ میرے غضب کو بھی گھیرے ہوئے ہے رحمٰن نام یا رحمٰن کی
صفت اے ہم سب کے مالک واللہ آپکے سوا کسی دوسرے کا نہیں ہو سکتا
یہ صفت آپکے علاوہ دوسرے میں پائی نہیں جاتی وہ مثل آپکے برتر
نام کے ہے۔ فہو کالعلم لہ تعالیٰ حتی اجری علیہ اپنے حد اجا قول الرحیم
ہے اور یہ اسم بھی آپ ہی پر صادق آتا ہے یعنی آپ رحمت وجوبیہ
صفت سے بھی متصف ہیں اور مالک ہیں رحمت وجوبیہ کا کام یعنی
اچھے اعمالوں پر نظر رکھنا اور ثواب مرتب کرنا ہے اور یہ تمام
باتیں آپنے اپنی ذات پر واجب کر لی ہیں اسی وجہ سے آپکی
ذات کو رحمت وجوبیہ کہتے ہیں حق تو یہ ہے اور یہی
صحیح ہے کہ عالم میں سوائے رحمت امتنانیہ کے
دوسرے کا وجود نہیں ہے جیسا کہ اس معنی
کو فص سلیمانی میں شرح و بسط کے ساتھ

۵ پس وہ جیسا کہ علم واسطے اللہ تعالیٰ کے یہانتک کہ اجرا پایا اوپر اُس کے قول اُس کا

Marfat.com

در فص سلیمانی انشاء اللہ تعالےٰ خواہد شد تصنیف میکنم ومی نویسم

بیان کیا جائے گا انشاء اللہ العزیز۔ اس کے بعد کتاب فصوص الحکم کا لکھنا شروع کیا جاتا ہے۔

ایں کتاب راقال النبی الامی افضل الخلق واعرفہم باللہ کل امر ذی بال لم یبدء فیہ باسم اللہ فہو ابتر ای مقطوع الذنب فی نظر الشرع والمعرفۃ چہ ہر کارے کہ آغاز آں متلبس باسم حق نباشد شیطانی است ازینجا افضل الخلق واعرفہم بالحق میگوید درباب کسیکہ درابتدا اکل تسمیہ نگفت فاکل معہ الشیطان

تمامی خلق سے افضل اور بزرگ ہستی اور سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے جاننے والے نبی امی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہر وہ کام جو اللہ کے نام سے شروع نہ کیا جائے وہ دم بریدہ ہے یہ شرع شریف ومعرفت کے نظر سے کہا گیا ہے کیونکہ ہر وہ کام جسکی ابتدا اللہ کے نام سے نہیں ہوتی شیطانی ہے اسی وجہ سے تمامی خلق سے افضل حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس شخص کے بارے میں کہ جس نے کھانا کھانے کی ابتدا اللہ کے نام سے نہیں کی فرمایا ہے کہ اُس کے ساتھ شیطان نے کھایا۔

یعنی در ہر کارے حاضر باش و دریاب کہ فعل چیست وفاعل کیست وچوں آغاز کار مقرون باسم حق باشد گوئی فاعل در تمام کار حاضر است وخبر دار وایں را لازم دار وگرنہ بہتر آنست کہ فعل ناپیدا باشد وفاعل ناہویدا

یعنی ہر کام کو سمجھتے رہو اور ہوشیار رہو کہ کام کیا ہے اور کرنے والا کون ہے جب کام کی ابتدا اللہ تعالےٰ کے نام سے ہوتی ہے تو کہنا چاہئے کہ کام کرنے والا تمامی کاموں میں حاضر اور خبردار ہے اس کو لازم جانو نہیں تو بہتر یہی ہے کہ نہ تو فعل ہو اور نہ فاعل ہو۔

بیت ہر کہ نگویای تو خاموش بہ + ہرچہ نہ یاد تو فراموش بہ

جس زبان سے آپ کی بات نہ نکلے تو خاموشی بہتر ہے اور جس چیز سے آپکی یاد نہ آوے اُس کو بھول جانا اچھا ہے۔

Marfat.com

و در حدیث مر عارف را اشارت
دیگر است یعنی هر کار را اسم حق
داند چه هر موجود از جواهر و اعراض
عین او عین حق باشد پس ترک تسمیه
در آغاز هر کارے مبنی از حجب و غفلت
فاعل باشد پس مر آں کار را انجا
می نباشد و مر صاحب کار را سلامتی
نه والله یدعوا الی دار السلام ق
الحمد لله یعنی سپاس و ستایش
زبانی و ارکانی و جنانی ثابت مر حق
راست و بس که محیط بهر موجود است
و در هر موجود بنمود و حمد در لغت
ثنای زبانی است که در مقابل جمیل
اختیاری باشد و این نیز مختص
بحضرة الحق است چنانکه حرف تعریف
در الحمد و لام اختصاص در لله برین
معنی دال است الا له الملک وله الحمد
و برین حکم اتفاق علما اهل اسلام است
و عجب آنکه میگویند که حمدت زیداً

اس حدیث میں عارف کے لئے ایک دوسرا اشارہ
بھی ہے وہ یہ ہے کہ وہ سمجھے اور جانے کہ ہر کام اسم حق
ہے کیونکہ ہر موجود خواہ وہ عرض ہو یا جوہر ہو عین اُسکا
عین حق ہے اسی وجہ سے ہر کام کو شروع کرنے سے پہلے
اللہ تعالیٰ کا نام نہ لینا کام کرنیوالے کے حجاب اور غفلت
کو ظاہر کرتا ہے ایسی صورت میں وہ کام پورا نہیں
ہوتا اور کام کرنیوالے کیلئے سلامتی اور اچھائی نہیں ہے
اور حال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سلامتی اور اچھائی کے گھر
کی طرف بلاتا ہے یعنی توصیف و تعریف جو کہ زبان یا
دل یا اعضاء سے کی جاوے وہ صرف اللہ ہی کیلئے
ثابت ہے جو ہر موجود کو احاطہ کئے ہوئے ہے اور ہر
موجود میں ظاہر ہے حمد کے لغوی معنی زبان سے تعریف
کرنے کو کہتے ہیں جو کسی اچھے کام کے مقابلہ ہو اور یہ بھی
اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے جیسا کہ حرف تعریف الحمد
اور لام اختصاص کا للہ میں اسی معنی پر دلالت کرتا ہے
الا له الملک و له الحمد - اللہ تعالیٰ ہی کے
لئے مُلک اور حمد ہے اور
اس حکم پر جمیع علماء اسلام کا اتفاق ہے
مگر یہ عجیب بات ہے کہ کہتے ہیں ہم نے زید کی حمد کی

Marfat.com

برحقیقت است وبہیچ وجہ
دراں کلام مجاز نیست وہم چنیں
مرلہ الملک ولہ الحمد را برحقیقت میدارند
وازیں اشکال تفصی متصور نیست
مگرآنکہ نظر برحقیقت کنند واستقصای
ایں مطلب درانفاس الخواص نمودہ شد
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کل
امر ذی بال لم یبدء بحمد اللہ فہو ا
قطع وبحسب ظاہر بین الحدیثین
تدافع واقع است وفی الحقیقت
مدفوع است چہ مرہردو حدیث
رامراد آنست کہ تاکہ تسمیہ وحمد
نگوید شروع درکاری بزرگ
نکند وتقدیم تسمیہ برچند طریق مسلوک است
ودرکتاب مجید وکتب دیگر ازکتب سماوی
وغیرآں واقع است چنانکہ بمراجعت
بوضوح خواہد پیوست
بدانکہ حمد بردو نوع است حمد ازحق وحمد از
مایطلق علیہ غیرالحق وحمد از حق تعالے

زید کی حمد کرنا حقیقتاً ہے اور کسی طرح اس
کلام میں مجاز نہیں ہے۔ اور اسی طرح
لہ الملک ولہ الحمد کو اپنی اپنی حقیقت پر
رکھنا چاہئے بجز حقیقت پر نظر رکھنے کے
اس اشکال سے رہائی نہیں ہو سکتی یہ مضمون
مکمل طریقہ سے انفاس الخواص میں لکھا گیا ہے۔
حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کل کام پردار ہوتے ہیں اور جو کام اللہ تعالیٰ
کے حمد سے شروع نہیں کیا جاتا وہ دم بریدہ
ہے ظاہری اعتبار سے دونوں حدیثوں میں
تدافع ہے حقیقت میں تدافع نہیں ہے
بلکہ مدفوع ہے کیونکہ دونوں حدیثوں کا یہ
مطلب ہے کہ جب تک بسم اللہ نہ کہے اور
اللہ تعالیٰ کی حمد نہ کرے کسی کام کی ابتدا نہ کرنا چاہئے
اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے سے پہلے بسم اللہ کہنا
قرآن اور حدیث اور جملہ کتب آسمانی سے ثابت
اور مسنون ہے جیسا کہ واضح طریقہ سے اسکو آپ دیکھ سکتے ہیں
حمد کی دو قسمیں ہیں۔ حمد از حق۔ حمد از مایطلق علیہ
غیرالحق اول حمد اللہ تعالے کی طرف سے ہے۔

Marfat.com

بر سہ قسم است قولی و فعلی و حالی قولی چنانکہ
درکتب الٰہیہ واقع شدہ ۔ فعلی رخسار کمالات
جمالیہ و جلالیہ را از غبار غیبوبیت مصفا
ساختن است و شاہد ممکن را بر منصہ ظہور
وجود جلوہ دادن و از کمین غیب بر حضرت الشہود
آوردن و ہذا ہو المراد بقول افضل الخلق و
اعرفہم بالحق لا احصی ثناء علیک انت کما
اثنیت علی نفسک چہ جلوہ دادن زید مر
حضرۃ السخا را از قبہ غیب بر منصہ شہود باظہار
آثار آں حمدی باشد مر او را کہ در جنب وے
حمد مرا ورا لاشی محض می تواں گفت و مر حدیث
مذکور را محلی دیگر ہم ہست یعنی حمد ہر ذرہ
از کائنات و ما من شیء الا یسبح بحمدہ حمد از حق
تعالیٰ باشد چنانکہ عنقریب توضیح و تنقیح خواہد
یافت و حمد فرد واحد در برابر محامد جملہ موجودات
وجودے ندارد و نمودے نیارد چنانکہ بریں
و بہ صیغہ واحد متکلم شاہد است و قد ذکرتہ فی
ترجمۃ الکتاب و حالی تجلیات حق تعالیٰ است

دوم حمد جس پر غیر حقتعالےٰ کے الفاظ دلالت کرتے ہیں
جو حمد کہ اللہ تعالیٰ کے طرف سے ہے اُسکی تین قسمیں ہیں
قولی ۔ فعلی ۔ حالی ۔ حمد قولی ۔ جیسا کہ کتب الٰہیہ میں
واقع ہے ۔ حمد فعلی ۔ کمالات جمالیہ و جلالیہ کے رخسارات
کو غبار غیبوبت سے صاف کرنا اور شاہد ممکن کو منصہ
ظہور وجود پر جلوہ دینا اور غیب کے پردہ سے عالم شہادت
میں لانا ہے حضرت افضل الخلق و اعرفہم بالحق کے قول
سے یہی مراد ہے لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت
علی نفسک مثلاً زید سخاوت کے صفت سے متصف
ہو کر سخاوت کا اظہار کرے تو یہ فعل زید کا اللہ تعالیٰ
کی ایسی حمد ہے کہ اس حمد کے مقابلہ میں ہماری اور آپکی
حمد لاشے محض ہے ۔ اس حدیث شریف کا
دوسرا محمل بھی ہے یعنی کائنات کے ہر ذرہ کی حمد ۔ حمد
حقتعالےٰ سے ہے یعنی کائنات کے ہر ذرہ کی زبان سے
اللہ تعالیٰ خود اپنی حمد کر رہا ہے وما من شیء الا یسبح بحمدہ
اسکی وضاحت عنقریب کی جاویگی ایک شخص کی حمد جملہ
موجودات کے حمد کے مقابلہ میں کوئی حقیقت اور وجود
نہیں رکھتی اس بات کی شہادت صیغہ واحد متکلم دے رہا ہے

لہ نہیں احاطہ کر سکتی ثنا اوپر تیرے جیسا کہ حق تیرے ثنا کا ہے ۔ ۱۲

Marfat.com

بفیض اقدس وظہور نور ازلی او وحمد از ما یطلق
علیہ غیر الحق تعالیٰ نیز بر سہ قسم مذکور است قولی
چنانکہ میگوئی سپاس و ستایش ثابت است
مر ایزد بے ہمتا را فعلی صرف جمیع ما خلق الی
ما خلق لاجلہ یعنی صرف کردن جمیع نعم بسوی کارے
کہ مناسب و ملائم آں باشد و حالی تخلق شدن
بندہ است باخلاق اللہ وصفاتہ سوی صفتہ
الوجوب الذاتی واللہ تعین وایں محامد اگرچہ
فی الحقیقۃ واقع نیستند مگر از حضرت اللہ الواحد
الاحد چہ ہر چہ در عرصہ وجود آمد عین حق باشد
کہ غیر حق محال محض است چنانکہ شریک
باری تعالیٰ در وجوب ذاتی نزد علماء روایت
اما بحسب ظاہر و تعین محامد منتسب اند
بسوی عبد برما من محاربۃ علماء الروایۃ بہتہ
فہو الی مدہو المحمود اجمالاً و تفصیلاً فالآن
عرفت وجہ اختصاص الحمد بجنابہ تعالیٰ و تقدس
ق منزل الحکم علی قلوب الکلم ل منزل صیغہ
اسم فاعل است از تنزیل بمعنی پارہ پارہ
فرود آوردن و حکم بکسر حاء مہملہ و فتح

ہے جیسا کہ ترجمۃ الکتاب میں ذکر کیا گیا ہے ۔
حمد حالی ۔ اللہ تعالیٰ کے فیض اقدس سے اُسکی تجلیات
ہیں اور اُس کے نور ازلی کا ظہور ہے ۔ وہ حمد جس پر
غیر حق اطلاق کیا جاتا ہے اُسکی بھی تین قسمیں ہیں ۔
قولی فعلی حالی ۔ حمد قولی ۔ جیسے کہ ہم کہتے ہیں کہ تعریف
اور شکر ایزد بے ہمتا کیلئے ثابت ہیں ۔
حمد فعلی ۔ ہر چیز کو جسکے لئے وہ چیز پیدا کی گئی ہے اُسی کے
مطابق اُسکو صرف کرنا یعنی عام نعمتوں کا جس کے لئے
وہ مناسب ہو صرف کرنا عطا کرنا اور دینا ہے ۔
حمد حالی ۔ بندہ کا اللہ تعالیٰ کے عادتوں اور صفتوں سے
متصف ہونا اور عادی ہونا ہے سوائے وجوب ذاتی کے
کہ یہ حق ہی کیلئے سزاوار ہے اور یہ محامد فی الحقیقت اگرچہ
اللہ واحد الاحد میں واقع ہیں اسلئے کہ جو چیز وجود میں
ہے وہ عین حق ہے غیر حق محال محض ہے جس طرح سے
علماء روایت کے نزدیک وجوب ذاتی میں شریک
باری تعالیٰ محال ہے لیکن ظاہری حیثیت سے تمام
تعریفیں بندہ کی طرف نسبت پاتی ہیں علماء روایت کے
اس قول سے ہمیں اتفاق ہے ان معاملات میں ہم اُن سے
محاربہ نہیں کرتے پس اجمالاً و تفصیلاً وہی حامد ہے اور

Marfat.com

کاف جمع حکمت است و حکمۃ انسان
دانستن اشیاء است کما ہی و شناختن
مار از ماہی و کار کردن بمقتضای آن
چنانکہ بعضی از علماء روایت عمل
باحکام شرعیہ را داخل فقہ داشتہ
اند بخلاف معرفتہ و علم چہ معرفتہ و علم
دانستن اشیاء است کما ہی ولیس پس اگر
کسے مار از ماہی نشناسد و داند کہ ہر دو
ذاتاً و صفتاً یکے اند و ہمچنیں باکی را از
ضاحک جدا نکند و گوید کہ باکی حیوان
ناطق است و لیس ہمچنیں ضاحک
و قائم و قاعد آنکس جاہل باشد
لا یعلم البحر من البر و لا یشعر من البرد
و آنرا عالم باشیاء نخوانند و اگر یکی
را از دیگری جدا کرد و فرح را از
ترح در یافت و آب را از سراب و
راحت را از غم جدا کرد و عسل را
ز سم دانست و بمقتضاے آن

وہی محمود ہے فالآن عرفت وجہ اختصاص احمد بجناب
تعالیٰ و تقدس انبیاء اور اولیاء کے قلوب پر حکمتوں کا
نازل کرنا منزل باب تنزیل سے ہے اسم فاعل کا صیغہ
ہے ٹکڑے ٹکڑے اُتارنا اور حکم بکسر ح حکمت کی جمع ہے
اور حکمت انسان کا کل چیزوں کو جیسی وہ ہیں جاننا اور
پہچاننا اور سمجھنا اور سانپ کو مچھلی سے تمیز کرنا اور اُسی
کے مطابق عمل کرنا ہے چنانچہ بعضے علماء روایت احکام
شریعیہ پر عمل کرنے کو فقہ میں داخل کرتے ہیں و معرفت
و علم کو فقہ میں داخل نہیں کرتے کیونکہ معرفت
جو چیز جیسی ہے ویسے ہی اُس کو جاننا اور پہچاننا
اور اُسی کے مطابق عمل کرنا ہے پس اگر کسی نے سانپ
اور مچھلی کو نہ پہچانا اور یہ سمجھا کہ دونوں ذاتاً و صفتاً
ایک ہیں اور ایسے ہی رونیوالے اور ہنسنے والے کو
جدا نہ کیا اور کہا کہ ہنسنے والا رونے والا کھڑا ہونیوالا
بیٹھنے والا حیوان ناطق ہے اور پس وہ شخص
جاہل ہے سردی اور گرمی میں تمیز نہیں کرتا [illegible] جانتا
ایسے شخص کو اشیاء کا جاننے والا [illegible]
نہیں کہیں گے جس کسی نے ایک [illegible]

لہ پس اب جان تم نے کہ اللہ تعالیٰ کے جناب میں الحمد کا پڑھنا کیوں خاص [illegible]

Marfat.com

پرداخت وشاہ علم را بجلی عمل محلی نساخت
چہ آب را احترام نکند واز اسباب غم
احتراز نجوید و باک ندارد کہ راحت و
رنج یکی باشد وسم خورد ونیش جان
ساخت واز عسل اعراض نمود ونوش
جان نفرمود آنکس را حکیم نخوانند
اگرچہ عارف و عالم باشد بدانکہ حکمت
ومعرفت حاجز ایذا ومانع آزار نگردد
چنانکہ حق تعالیٰ گفت یوذون اللّٰہ
ورسولہ وموسیٰ گفت یاقوم لم تو
ذوننی وانتم تعلمون انی رسول اللّٰہ
الیکم من رب العالمین وافضل الخلق
واعرفہم بالحق گفت لعن اللّٰہ العقرب
لایدع مصلیاً ولا غیرہ ولا نبیاً مرسلاً
ولا غیرہ واز ینجا دریاب کہ یوذون اللّٰہ
بچہ دلالت میکند وچہ راہ می نماید مگر
دراں وقت کہ حکیم وعارف بجوشن
اتصاف بصفتہ لایضرہ شیئ متلبس
شدہ باشد آں زمان تبرمضرت کاری

جدا کیا خوشی وغم میں پانی وشراب میں تکلیف
وراحت میں شہد وزہر میں تمیز کیا اور اس مطابق عمل
نہ کیا اور اپنے کو علم کے زیور سے آراستہ نہ کیا پانی کی
عزت نہ کی غم کے اسباب سے پرہیز نہ کیا اور راحت
ورنج کو ایک سمجھا زہر کھالیا اور شہد سے منہ موڑا
اُسکو حکیم نہیں کہیں گے اگرچہ وہ عارف وعالم ہے
اس بات کو سمجھ لو اور ذہن نشیں کرلو کہ حکمت و
معرفت تکلیف کی روکنے والے اور آزار کو منع
کرنیوالی نہیں ہوتی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا
ہے کہ اللہ اور اُس کے رسول کو ایذا دیتے ہو۔
اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اے لوگو
مجھ کو کیوں تکلیف دیتے ہو حالانکہ تم یہ جانتے ہو
کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور تم لوگوں کے ہدایت کیلیے
بھیجا گیا ہوں۔ اور افضل الخلق واعرفہم بالحق
نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچھو پر لعنت کرے کہ
نمازی وغیر نمازی اور انبیا وغیرہ کو ڈنک مارتی
ہے۔یہاں پر ایک بات سمجھنے کی ہے اللہ تعالیٰ
کا یوذون اللہ کہنا کس بات پر دلالت کرتا ہے
اور کونسا راستہ دکھلاتا ہے ہاں عارف وحکیم کا

Marfat.com

نکند چنانکہ خلیل اللہ صلواۃ اللہ وسلامہ
علیہ نار نمرود مردود متاذی نشد و این
منصب بجابت سعی و قدم اختیار حاصل
نتواں کرد بلی عنایت محض بدست
نتواں آورد چنانکہ سلیمان علیہ السلام
متصف شد بصفت سمع حق مطلق حتی
اذا اتوا علی وادی النمل قالت نملۃ یا
ایہا النمل ادخلوا مساکنکم لا یحطمنکم سلیمان
وجنودہ وہم لا یشعرون فتبسم ضاحکا
من قولہا وقال رب اوزعنی ان اشکر
نعمتک التی انعمت علی وعلی والدی و
ان اعمل صالحاً ترضاہ وادخلنی برحمتک
فی عبادک الصالحین وبعضی فوائد
این آیہ در انفاس الخواص ذکر کردہ
شدہ است وخلیفہ ثانی متخلق شد بصفت
بصر حق مطلق اذ قال یا ساریۃ الجبل
وساریہ متخلق شد بصفت سمع حق مطلق
تعالی ثم اتلو علیک کلاماً ان کنت

ایک مرتبہ ایسا بھی ہے کہ وہ لا یضرہ[ه] من شیئ کی ذرہ
پہنے ہو تو اُسوقت حضرت کا حربہ اُسکے اوپر کارگر
نہیں ہوتا حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلواۃ اللہ
وسلامہ کا یہی مرتبہ تھا کہ آپ نے نمرود مردود کی
آگ سے ایذا نہیں پائی یہ منصب اور درجہ
کوشش وسعی سے کوئی شخص حاصل نہیں
کرسکتا محض اللہ تعالی کے بخشش و مہربانی
سے یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہے جس طرح کہ حضرت
سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالی کے
لطف وکرم و انعام و اکرام سے سمع مطلق حق
کے صفت سے متصف ہوئے یہاں تک کہ جب
پہنچے چیونٹیوں کے میدان میں کہا ایک چیونٹی
نے اے چیونٹیو چلی جاؤ اپنے گھروں تب ایسا نہ
ہو کہ سلیمان اور اُن کے لشکر تم کو پیس ڈالیں
اور اُن کو خبر نہ ہو حضرت سلیمان علیہ السلام
چیونٹیوں کے اس طرح کہنے سے مسکرا دیے اور
فرمایا کہ اے رب میرے قسمت میں دے کہ میں
شکر کروں تیرے احسانوں کا جو کہ تو نے مجھ

ه نہیں ضرر پہنچاتی اس کو کوئی چیز۔

Marfat.com

مومنا باللہ وانبیاۂ واولیاۂ ومنہم
من یومن بہ ومنہم من لا یومن بہ وما
کان لنفس ان تومن الا باذن اللہ
وننزل من القرآن ما ہو شفاء و
رحمۃ للمومنین ولا یزید الظالمین
الا خسارا ویجعل الرجس علی الذین
لا یعقلون وانی یکون لہم الذکری
وقد جاءہم رسول مبین ثم تولوا عنہ
بدانکہ چنانکہ بعضی جواہر واجسام مثل
میتہ ودم دافعی وسم مر بدن انسانی
را در دنیا بی آب گرداند وناچیز و
خراب سازد وبیقدر ہمچنیں بعضی
اعراض از مقولہ افعال وکیف کہ
مرقدم اختیار را در تحصیل آں راہ
باشد لعل جسد را در سوق آخرۃ
کاسد گرداند وفاسد وبی آب
سازد وبی وقار وچنانکہ بعضی از
جواہر مر بدن دیو را نافع باشد
ونضارت بخش وہمچنیں بعضی از

پر اور میرے ماں باپ پر کیا ہے اور یہ کہ کروں کام
نیک جو تو پسند کرے اور ملا دے مجھ کو اپنی رحمت
سے اپنے نیک بندوں میں اور خلیفہ ثانی حضرت
عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بصر حق مطلق کے صفت
سے متصف ہوئے جس وقت آپنے فرمایا کہ
اے ساریہ پہاڑ سے بچو اُسوقت حضرت ساریہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمع مطلق حق سے متصف
تھے اور حضرت ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے
حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آواز سنی۔
اسکے بعد ہم تم کو حق تعالیٰ کا کلام پڑھ کر سناتے ہیں
اگر تم مومن ہوگے اور اللہ اور انبیا اور اولیا پر
ایمان رکھتے ہوگے تو سمجھوگے۔ ان میں سے بعض
وہ ہیں جو ایمان لائے ہیں اور بعض وہ ہیں جو
ایمان نہیں لائے۔
اور کسی نفس کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ
اللہ پر ایمان لاوے مگر اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور
قرآن کو ہم پر اوتارا ہے جو شفا رہے اور مومنین
کیلئے رحمت ہے اور جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے
ہیں اُن کے لئے نقصان وخسارہ ہے یا یوں سمجھو

Marfat.com

اعراض مذکورہ جسد اخروی را انجلا بخشد
وجلا و چنانکہ بعضے از جواہر مر بدن مذکور را
نہ نافع باشد و نہ ضار ہمچنیں بعضی از افعال
جسد مذبورہ را نہ تیرہ گرداند و نہ صاف و
کشف ایں حکم بی معونت مکاشفہ دبی حکم
وحی ناموسی میسر نیست پس افعال ضارہ
حرام شدہ اند و منہی عنہ و افعال نافع
واجب شدہ اند و مامور بہ و افعال متوسط
مباح شدہ اند لا مامور بہ و لا منہی عنہ
پس چنانکہ حکمت و معرفت مانع و حاجز
مضرت دنیوی نگردد دافع درد فع الم اخروی
نیز نگردد پس اقبال بر افعال طیبہ و ادبار
از افعال خبیثہ مر ہمگنان را از عارف و
محجوب واجب آمد و ضروری از ینجا انبیا
و اولیا در تعب باشند و تاب و در بوتہ
ریاضت محترق و گداز کہ تو گرد انچہ ایشاں
در آں باشند نتوانی گشت پس چنانکہ
نجات دنیوی منوط است بفرق کردن
میان مار و ماہی و عمل کردن بمقتضائے

کہتا ہے برائی اُن لوگوں کیلئے جو نہیں سمجھتے اور
کیسے ہوگا اُن کیلئے ذکر حالانکہ آئے ہیں اُن کے پاس
رسول اور اُن لوگوں نے رسول سے منہ پھیر لیا۔
اس بات کو سمجھ لو کہ بعضے جواہر د اجسام مثل مردہ و
خون و سانپ و زہر انسان کے بدن کو دنیا میں بے
رونق و ناچیز و خراب بمقدار کر دیتے ہیں اسی طرح
مقولہ کیف و فعل میں بعضے اعراض کہ جسکے حاصل
کرنے کیلئے اختیار کے قدم کو راہ ہے۔ اصل جسد کو
آخرت کے بازار میں کھوٹا و خراب و بے رونق و
بے عزت کر دیتے ہیں۔ ٹھیک اسی طرح بعضے اعراض
بدن دنیوی کو نفع و تازگی پہنچانیوالے اور خوش
کرنیوالے ہوتے ہیں ایسے ہی بعضے اعراض مذکورہ
اخروی جسم کو جلا بخشتے اور مصفا کر دیتے ہیں۔ جیسے کہ
بعضے جواہر بدن دنیوی کو نفع و نقصان نہیں پہنچاتے
ہیں اسی طرح بعضے افعال جسم اخروی کو نہ تو سیاہ اور
نہ صاف کرتے ہیں۔ ان تمام امور کو ٹھیک ٹھیک اور
تمام حکمتوں کو صحیح صحیح پہچاننا اور جاننا اور سمجھنا
بغیر کشف الٰہی اور وحی ناموسی کے کسی پر کھل نہیں
سکتا اور نہ کوئی جان سکتا ہے۔

Marfat.com

آں نجات اخروی نیز مربوط باشد
بفرق کردن میان نماز وزنا ومیان وضو
وشرب خمر وعمل کردن بمقتضای آں واگر
نہ چنانکہ در دنیا ہلاک گردد در آخرت نیز
خراب گردد ومتالم مگر آنکہ ریح عنایت از
مہب الطاف وزیدن گیرد وراحت بخشد
چنانکہ مر خلیل اللہ را در دنیا نار نمرود بنور
مبدل شد وسارت برداو سلاما باعمرہ
تعالیٰ پس عنایت دیگر باشد وحساب دیگر
وعتاب دیگر وما امر الساعۃ الا کلمح البصر
پس اگر مصباح عنایت بر سر تیرہ روزگار
کہ تمام عمر روز روشن را بمظلمہ معصیت
سیاہ گردانیدہ شب کردہ است وشب
دراز را بمقراض غفلت وخواب کوتاہ
ساختہ بروز آوردہ در وقت حاضر گرداند
پس در چشم او صغار دیگر واند وجلار دیگر
فقد شاہد مالا عین رأت ولا اذن سمعت
ولا خطر علی قلب بشر شب رحلت ہم از بستر
روم بر قصر حور العین + اگر در وقت جان دادن تو باشی

اب اس بات کو سمجھو اور جانو کہ نقصان اور ضرر پہنچانیوالے
افعال حرام ہوئے اُن سے روکا گیا اور نفع وتازگی پہنچانیوالے
افعال واجب ہوئے اُنکو اختیار کرنیکا حکم دیا گیا اور
متوسط افعال جو کہ نہ تو نقصان کرتے ہیں اور نہ فائدہ
پہنچاتے ہیں وہ مباح کیے گئے یعنی اُن کے کرنے یا نہ کرنے
میں کوئی ہرج نہیں ہے جسطرح سے کہ حکمت ومعرفت
دنیاوی نقصانات سے نہیں بچا سکتی اُسی طرح اخروی
آلام کو بھی روکنے والی نہیں ہوتی ۔ اسوجہ سے
اچھے اچھے کاموں کی طرف مستعد اور متوجہ ہونا اور
بُرے کاموں سے پرہیز اور منہ پھیرنا اور بچنا سب
لوگوں پر خواہ وہ عارف وعالم وحکیم ہو یا نہ ہو واجب
اور ضروری ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ تمامی انبیا اور اولیا
اور اچھے اچھے لوگ یعنی مردان کامل محنت ومشقت
میں رہتے ہیں اور بہت زیادہ ریاضت واحکام
اوامر ونواہی کے پابندی کرتے ہیں کہ ہم لوگ اُن
کے گرد کو بھی نہیں پا سکتے ۔ جیسا کہ نجات دنیوی
سانپ کو مچھلی سے پہچاننے اور اُسکے مطابق عمل کرنے
پر موقوف ومنحصر ہے اُسی طرح نجات اخروی نماز
وزنا اور وضو اور شراب کے پینے میں فرق کرنا اور اُسکے

Marfat.com

شمع بالبنم ۔ وقلوب جمع قلب است وقلب
بمعنی دل باشد و دل نزد عوام عضوی
صنوبری است کہ درون حیوان نهاده اند
ونزد طائفہ صاحب دل چیزیست کہ
صاحب وی بمعونت وے متقلب باشد
درجمیع چیزیکہ حق تعالیٰ متصف باشد
بوی ومتصور فان القلب صورۃ المرتبۃ الالٰہیہ
ازینجا است کہ گفتہ است حق تعالیٰ ما وسعنی
ارضی ولا سماوی ولکن وسعنی قلب
عبدی المومن التقی النقی وازینجا است
کہ سوای انسان را کہ صاحب عضو
صنوبری باشد صاحب دل نخوانند
ان فی ذالک لذکری لمن کان لہ قلب
کلم جمع کلمہ است وکلمہ واسم نزد
این طائفہ عین ہر موجود را گویند انما
نبشرک بکلمۃ منہ اسمہ المسیح وا ینجا
مراد اعیان کمل باشند از انبیا
صلوۃ اللہ وسلامہ علیہم اجمعین وکمل
اولیا کہ مطلع شاہد معارف بحال عمل

مطابق عمل کرنے پر موقوف ہے نہیں تو جسطرح دنیا میں ہلاک
ہوا ہے آخرت میں بھی خراب و متالم ہوگا۔
مگر ایسا شخص مستثنیات میں سے ہے کہ جس کے اوپر اللہ تعالیٰ
کے مہربانی کی ہوا مہربانی کے ہوا کے چلنے کی جگہ سے چلنے لگے اور
اور اللہ تعالیٰ کا رحم وکرم اُسکے حال میں شامل ہوجاوے
اور آرام پاوے وہ دوسری چیز ہے ۔ کیا تم نے اسکو پڑھا
نہیں ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلوات اللہ سلامہ اجمعین
کے واسطے اسی دنیا میں اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کاملہ سے
نمرود مردود کے آگ کو نور سے بدل دیا اور ان کیلئے وہ آگ
ٹھنڈک پہنچانیوالی اور سلامت رکھنے والی ہوگئی۔
عنایت وحمایت و مہربانی اور ہی چیز ہے اور حساب وکتاب
وعتاب دوسری چیز ہے۔
قیامت کا معاملہ پلک جھپکانے کی طرح ہے اگر عنایت و مہربانی
کا چراغ کسی بدقسمت و بدبخت کے سر پہ کہ جس نے ساری
عمر روشن دن کو گناہ کے تاریکی سے سیاہ کرکے رات کردیا ہے
اور لمبی راتوں کو غفلت اور نیند کے بقاعض سے کوتاہ کرکے
دن کیا ہے روشن کریں اور اُسکی آنکھوں کو جلا اور دل میں
صفائی پیدا ہوجاوے اور ایسی نعمت سے اُسکو مستفید
کردیں کہ جس کو اسکی آنکھوں نے نہ دیکھا ہو اور کان نے سنا ہو

Marfat.com

مزین ساختہ باشد ازینجا است کہ حکم
گفت نہ معارف و قدعرفتہا و نزول حکم
و معارف بر ارواح انبیا و اولیا
دفعی است و آنی فان الروح صورۃ
الحضرت الاحدیۃ و بر قلب ایشان
تدریجی و زمانی زیراچہ قلب صورت
مرتبہ الٰہیۃ است چنانکہ گذشت
ازینجا است کہ منزل از تنزیل گرفتہ
شد نہ از انزال و اگر میان تنزیل و
انزال فرق نکند پس از تنزیل باشد
یا از انزال یعنی خدائے کہ فرود آرندۂ
علوم و معارف باشد کہ مستتبع و
مستصحب عمل باشد بر دلہای انبیاو
اولیا کمل و کلمہ ہر موجود را ازاں خوانند
کہ تحقق آن و ثبوت ہر چیز بوساطت
نفس رحمانی باشد چنانکہ حرف بوساطۃ
نفس رحمانی و نفس رحمانی عبارت
از انبساط حضرت الوجود و امتداد
آن و ایں را ہر کس نشناسد و لبسوی

اور نہ اُس کے دل پر کبھی اُس کا خطرہ گذرا ہو۔
مرنے کے بعد بھی بستر سے اٹھ کر حوروں کے محل میں پہنچ
جاؤنگا اگر آپ مرنیکے وقت میرے سرہانے کی شمع ہوں۔
قلوب قلب کی جمع ہے جسکے معنی دل کے ہیں عام لوگوں کے
نزدیک دل ایک عضو صنوبری شکل کا ہے جو حیوان کے
اندر رکھا گیا ہے اور صاحب دل کے نزدیک دل اُس کو
کہتے ہیں کہ صاحب دل اُسکے مرد و صوت سے ہر اُن صفات
سے کہ حق تعالیٰ جن صفات سے متصف اور متصور ہوتا ہے پلٹا
کھاتا اور متصف ہوتا رہتا ہے یہ اسلیئے کہ قلب مرتبہ الٰہیہ کی
صورت ہے اسی نظر سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ میری
سمائی آسمان و زمین میں نہیں ہوئی لیکن مومن تقی و نقی کے
دل میں میری سمائی ہوگئی۔ اسلیئے سوائے انسان کے قلب
کے کہ جو عضوری کا مالک ہے دل نہیں کہتے بیشک اُسکے
لیئے کہ جسکے دل ہے نصیحت ہے۔ وکلم کلمہ کی جمع ہے اصحاب و
دوست نزدیک کلمہ اسم عین موجود کو کہتے ہیں ہم بشارت
دیتے ہیں تجھ کو اللہ تعالیٰ کے کلمہ کی جن کا نام مسیح ہے یہاں پر
کلم سے مراد اعیان کمل یعنی انبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام اور
اولیائے کاملین ہیں کہ جو شاہد معارف کے مطلع کو عمل کے
خال سے زینت دئے ہوئے اور آراستہ کئے ہوئے ہیں اسوجہ

لہ تل

Marfat.com

ایں ہر کس نزد الیہ یصعد الکلم الطیب
ای الا فراد الکمل والعمل الصالح یرفعہ
ونیز وجود ہر چیز بی حرکت کہ لازم حرج است
ثابت نشود وکلم بمعنی جرح است ق
باحدیۃ الطریق الامم ل امم بفتح ہمزہ یعنی
راہ راست است ودرست وبامنعلق
است بہ منزل یعنی طرق موصلہ بحق تعالیٰ
اگرچہ بسیار اند وپراگندہ چہ ہر راہی کہ
آنرا یکی از انبیا بدلالت وحی ناموسی
یا الہامی طی کرد وبردم نمود ہر کہ دراں
راہ راست ودرست رفت واصل
شد وصفا دل حاصل کرد واختلاف
راہ موجب غوایت وضلالت باشد
چنانکہ گفت باری تعالیٰ ان ہذا صراطی
مستقیما فاتبعوہ ولا تتبع السبل
فتفرق بکم عن سبیلہ اما ہمہ راہہاے
حق تعالیٰ فی الحقیقت یکی باشند چہ
ہمہ طرق خبر از وحدۃ الوجود میدہند
وحق مینمایند اگرچہ کور درکر نشنود ونہ بیند

سے کلم کما معارف نہیں کما تحقق انبیاء واولیائے کاملین
نے پہچان لیا ہے۔ حکم اور معارف کا نزدل انبیا اور اولیا کے
ارواحوں پر دفعی اورانی ہوتا ہے اسلئے کہ روح حضرت
احدیت کی صورت ہے اور اُن لوگوں کے قلوب پر تدریجی
وزمانی ہوتا ہے اسواسطے کہ قلب مرتبہ آئینہ کی صورت ہے ا
سے منزل باب تنزیل سے لیا گیا ہے انزال سے نہیں لیا گیا۔
اور اگر درمیان تنزیل اور انزال فرق نہ کریں تو بھی کوئی
ہرج نہیں ہے یعنی وہ خدا کہ ہر علوم ومعارف کو جو کہ تابع اور
ہمراہ عمل کے ہیں انبیا اور اولیائے کاملین کے دلوں پر نازل
واُتارنے والا ہے یا نازل واُتارتا ہے تاکہ وہ لوگ اُسکے
مطابق عمل کریں اور کلمہ ہر موجود کو اسلئے کہتے ہیں کہ اس ک
ثبوت نفس رحمانی کیواسطے سے ہے جسطرح سے کہ حروف کا
ثبوت نفس انسانی کے واسطے سے ہوتا ہے۔
نفس رحمانی حضرت الوجود کے انبساط اور امتداد کو
کہتے ہیں اور اُسکو ہر شخص پہچانتا اور جانتا نہیں ہے۔ پاک
کلمے اُسکو پہچانتے ہیں اور عمل صالح اُن کو بلند کرتا ہے۔
اور کلم کے معنی حرج کے بھی ہیں کیونکہ ہر چیز کا وجود بغیر حرکت
کے جسکے لئے حرج لازم ہے ثابت نہیں ہے۔
اَمَمْ بالفتح سیدھا اور درست راستہ اور با منزل سے متعلق ہے

Marfat.com

و تعدد و اختلاف طرق در بعضی احکام
عارض است چنانکہ عنقریب تحقیق این
مطلب خواہد شد انشاء اللہ تعالیٰ پس ہمہ
راہہای انبیا مستقیم باشند و موصل
چراکہ فی الحقیقت یکی اند پس راہ مستقیم
یکی باشد و آن راہ توحید است و ہمین
مراد است از صراط در قول باری تعالیٰ
ان ربی علی صراط مستقیم یعنی خدای
کہ فرود آرندہ است مر علوم و معارف
را کہ مستتبع اعمال باشد بر دلہای انبیا
صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین بہ یگانگی
راہ است و مستقیم چہ اگر راہ مستقیم
یکی نمی بود تنزیل حکم و معارف بوقوع
نمی آمد کہ تعدد طرق موجب غوایت
و ضلالت باشد چنانکہ گذشت و وحدت
صراط در قول باری تعالیٰ صراط الذین
انعمت علیہم شاہد است کہ راہ انبیا
یکی بود چہ ہمہ انبیا علیہم السلام بشرف
ایمان ایزدی مشرف شدہ اند

یعنی اگرچہ بادی النظر میں اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے راستے
بہت سے ہیں اور پراگندہ اور بکھرے ہوئے ہیں کیونکہ جس راستہ
کو کسی انبیا نے وحی ناموسی اور الہام کے ذریعے طے کیا ہے اور
لوگوں پر ظاہر کر کے اُس راستہ پر چلایا ہے اور وہ لوگ اللہ
تعالیٰ تک پہنچ گئے ہیں اور صفائی دل حاصل کی ہے یہ
سمجھنا کہ راستہ میں اختلاف و گمراہی کا سبب ہے
جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے بیشک یہ میرا رستہ ہے اور
ہے اس پر چلو اور دوسرے راستوں پر مت چلو ایسا نہ
ہو کہ وہ دوسرے راستے تم کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے دور
کر دیں حقیقت میں تمام انبیاؤں کے راستے ایک ہیں اور
تمام راستے وحدت الوجود کی خبر دیتے ہیں اور حق کو ظاہر کرتے
اگر بہرہ و اندھا نہ دیکھے و نہ سمجھے تو راستوں کے ایک ہونے میں
کوئی قباحت لازم نہیں آتی بلکہ یہ دیکھنے والوں اور چلنے
والوں کا قصور ہے۔ راستوں کا متعدد ہونا اور طریقوں
میں بعضے احکام میں اختلاف ہونا یہ عارضی ہے حقیقی نہیں
ہے۔ جیسا کہ آگے ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ انبیاء علیہم السلام
کے تمام بتائے ہوئے راستے ایک ہیں سب مستقیم ہیں اور
اور اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والے ہیں راہ مستقیم ایک ہے
اور وہ راہ توحید ہے اللہ تعالیٰ کے قول کا جو کہ ان ربی

Marfat.com

ق من المقام الاقدم

ل این جار مجرور نیز متعلق است بمنزل
یعنی تنزیل حکم و معارف از مقام اقدم باشد
و این مقام حضرت الاحدیۃ است کہ
مستتبع فیضان اعیان ثابتہ باشد
و استعدادات آن در حضرۃ العلمیہ کہ
فیضان وجود اعیان وکمالات آن در
حضرۃ العینیہ بحسب اطوار روحانیہ و
جسمانیہ مبتنی است بر فیضان اول و
اقدم ازاں گفت کہ اسمار و صفات
مستند اند باں مقام واگرنہ ہمہ قدم
دارند و قدم و حدوث را در آنجا راہی
نیست

ق وان اختلفت الملل والنحل
لاختلاف الامم

ل یعنی تنزیل حکم و معارف بایگانگی راہ
راست است اگرچہ از مر اختلاف و تنوع
استعداد انبیا و استعدادات ایشاں
ادیان و مذاہب انبیاء مختلف باشند

علی صراط المستقیم ہے یہی مطلب ہے۔
یعنی اللہ تعالی ایک ہی مستقیم راستے سے علوم و معارف
کو جو اعمال کے تابع ہیں انبیار علیہم الصلوٰۃ والسلام کے
قلوب پر نازل کرتا اُتارتا اور لاتا ہے۔
اسلئے کہ اگر راستہ ایک نہ ہوتا کلم و معارف انبیا علیہم السلام
کے قلوب پر نازل نہ ہوتے کیونکہ راستہ کا اختلاف گمراہی
کا سبب ہوتا جیسا کہ کہا گیا۔ راستہ کا ایک ہونا خود اللہ
تعالی کے قول سے ثابت ہے اور قول حق تعالی صراط الذین
انعمت علیہم اس بات کا گواہ ہے کہ انبیا کے راستے ایک ہیں
اور تمامی انبیار علیہم السلام اللہ تعالی کے انعام و اکرام سے
مشرف و مستفید ہوئے ہیں۔
یہ جار مجرور بھی منزل سے متعلق ہے یعنی انبیا کے قلوب پر
علوم و معارف مقام اقدم سے نازل ہوتے ہیں اور یہ مقام
حضرت الاحدیۃ کا ہے۔ اب اسکو سمجھو کہ اعیان ثابتہ کے
استعدادات کے مطابق حضرت العلمیہ سے جو کہ فیضان وجود
اعیان و کمالات کا اُس کے ہے بحسب اطوار روحانیہ و جسمانیہ
جسکی بنیاد فیضان اول پر رکھی گئی ہے حضرت العینیہ میں
نزول فرماتے ہیں اقدم اسلئے کہا کہ اسمار و صفات اُسی
مقام سے مستند ہیں ورنہ سب قدیم ہیں اور قدم و حدوث

Marfat.com

چہ راہ انبیاء یک راہ ہست وآن راہ توحید باشد اگرچہ شرائع واحکام ہر واحد متعدد بودند ومختلف فاما شریعت ہر نبی بحسب استعدادات امت وے باشد ازینجا است کہ کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام چیزی آورد کہ ابطال سحر کند کہ درامت او سحر غالب بود ومسیح علیہ السلام ابرا اکمہ وابرص واحیاء موتی آورد کہ درامت او طب غالب بود ورسالت پناہی خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلعم قرآن فصیح بلیغ معجزہ آورد کہ غالب در وقت او تفاخر بفصاحت وبلاغت بود وملل جمع ملت است وملت بمعنی دین باشد ونحل جمع نحلہ است بمعنی تنحل یعنی خود را بند ہے بستن ومراد اینجا مذاہب اند وامم جمع امت باشد بمعنی گروہ

ق والصلوٰۃ علی محمد الہم

اُس میں راہ نہیں ہے۔

یعنی علم ومعارف ایک ہی مستقیم راستہ سے نازل ہوتے ہیں اگرچہ انبیا کے امتوں کے تنوع واختلاف اور اُن کے استعدادات کی وجہ سے مذاہب اور ادیان مختلف ہیں حقیقت میں تمامی انبیا کا راستہ ایک ہے اور وہ راستہ توحید کا ہے اگرچہ شریعتیں اور احکامات ہر نبی کے جدا جدا ہیں لیکن ہر نبی کی شریعت اُن کے امتوں کے استعدادات کے مطابق ہوئی اسی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام وہ چیز لائے جو سحر کو باطل کرے کیونکہ ان کے امت میں جادو کا زور وغلبہ تھا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنے اور مردہ کو زندہ کرنیکا معجزہ لائے کہ اُنکے امت کے وقت میں طب وحکمت کا زور وغلبہ تھا اور رسالت پناہی خاتم الانبیا قرآن فصیح وبلیغ کا معجزہ لائے کہ آپکے وقت میں فصاحت وبلاغت کا زور وغلبہ تھا۔

ملل ملت کی جمع ہے بمعنی دین ونحل جمع نحلہ ہے بمعنی تنحل یعنی اپنے کو کسی گروہ کا پابند کرنا اس جگہ مذاہب مراد ہیں اور امم امت کی جمع ہے یعنی گروہ۔

مومن کا نبی پر صلواۃ و درود بھیجنا دعا ہے۔

39325

Marfat.com

ل صلوٰۃ از مومن دعا است و از ملائکہ استغفار و ملائکہ عبارت انداز مظاہر اسمای باری تعالیٰ کہ اقتدار و تبعیت باسم اعظم کہ رب محمد باشد علیہ الصلوٰۃ والسلام دارند ازینجا است کہ گفتہ است ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی و ہر موجود در تصرف اسمی باشد از اسمای حق تعالیٰ و تحت حکم او و محفوظ است بملکی از ملائکہ کہ مظاہر اسما باشند پس گفت یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما و صلوٰۃ از حق تعالیٰ رحمت است و تعلق رحمت او بہر کس اندازۂ طلب و تقاضای او باشد پس رحمت حق تعالیٰ بر عاصی عفو باشد و مغفرت و جنت و حور و قصور و بر صالح باوجود این نعم لقاء اللہ باشد و غیر آن مما لا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر و بر عارف با اینہمہ افاضۂ علوم است

ملائکہ کا نبی پر صلواۃ بھیجنا استغفار ہے ملائکہ اللہ تعالےٰ کے مظاہر ہیں اور پیروی و اقتدار اسم اعظم کی جو کہ رب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے کرتے ہیں اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے ان اللہ[1] وملائکتہ یصلون علی النبی۔

اور ہر موجود یعنی عالم میں جتنی چیزیں ہیں اللہ تعالیٰ کے کسی نہ کسی اسم کے تحت و تصرف میں ہیں اور ملائکہ میں سے کوئی نہ کوئی ملائک جو کہ مظاہر انبیا ہیں اُن تمام چیزوں پر مقرر ہیں اور اُنکی حفاظت کرتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا یا ایہا[2] الذین آمنو صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔

اللہ تعالیٰ کا نبی پر صلوٰۃ بھیجنا رحمت ہے اللہ تعالیٰ کے رحمت کا تعلق ہر شخص کے ساتھ اُس کے استعداد و طلب و تقاضا کے انداز کے مطابق ہوتا ہے اس وجہ سے گنہگار پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اُس کے گناہوں کو معاف کرنا اور جنت و حور و قصور کا عطا فرمانا ہے اور صالح بندوں پر باوجود ان نعمتوں کے اللہ تعالیٰ کی لقا ہے اور

[1] تحقیق اللہ اور فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں [2] اے وہ لوگ کہ جو ایمان لائے ہو تم بھی نبی پر درود بھیجو۔

Marfat.com

ومعارف یقینیہ وبہ محقق کامل از انبیا و
اولیاء کمل با اینہمہ متجلی بودن حق است
بتجلیات ذاتیہ صفاتیہ واسمائیہ وحمد
اسم فاعل است از امداد وہمم جمع ہمت است
بمعنی قصد ونقد ہمت بہ وہم بہا ودر
اصطلاح بمعنی توجہ دل است وقصد
آں بجمیع قوای روحانی بجناب حق تعالیٰ
وتقدس یعنی دعاء مومنان واستغفار
ملائکہ ورحمت ایزد پاک توجہ نمودہ ونزول
فرمودہ است یا نازل باد براں کہ مدد
وامداد نمودہ است ہمتہای مومنان
وعارفان را بآنکہ نمودہ است
بایشاں طریق موصل بحق وتحقق می
گرداند برایشاں حقیقت حال کہ
موجب کشف وشہود باشد ومورث
ذوق ووجدان بریں تقدیر بعض
ہمم مراد باشند کہ منتفع بامداد بعض
ہمم اند وتواند بود کہ دار ہمم براے
جنس مستغرق باشد چہ مدد وامداد

اُسکے علاوہ اور بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے جس کو نہ
آنکھوں نے دیکھا ہے نہ کانوں نے سنا ہے اور نہ دل پر
کسی بشر کے اُس کا خطرہ گذرا ہے۔ اور عارف پر
باوجود ان تمام نعمتوں کے افاضہ علوم ہے اور معارف
یقینیہ سے فیضیاب ہوتا ہے اور محقق کامل انبیا و اولیا
کمل کا باوجود ان تمام نعمتوں کے اللہ تعالیٰ کا تجلیات
ذاتیہ وصفاتیہ واسمائیہ سے متجلی ہوتا ہے۔ حمد اسم
فاعل کا صیغہ ہے جو امداد سے ہے وہمم ہمت کی جمع ہے
جسکے معنی قصد کے ہیں نقد ہمت بہ وہم بہا اور اصطلاح
میں توجہ دل کو کہتے ہیں یعنی تمامی قوائے روحانی و
جسمانی سے اللہ تعالیٰ کے حضور میں دل کو متوجہ کرنا۔
یعنی مومنوں کی دعا اور فرشتوں کی استغفار اور اللہ
تعالیٰ کی رحمت نے توجہ کی ہے اور نزول فرمایا ہے۔
یا نازل ہو اُس پر کہ جنھوں نے مدد اور امداد عارفوں
مومنوں کی ہمتوں کی کی ہے اس لئے کہ اُن کو اللہ تعالیٰ
تک پہنچنے کا راستہ دکھایا ہے اور اُن پر حقیقت حال کو
ظاہر کردیا ہے جس سے کشف وشہود اُن کو حاصل ہوتا ہے۔
جو کہ مورث ذوق ووجدان کا ہے۔ ایسی صورت میں
بعض ہمتیں اُن کی امداد سے فائدہ اٹھانیوالے ہیں۔

Marfat.com

ہر کس از صالح و طالح در چیزے از
ایمان و کفر و صلاح و سفاح از جناب
او ست علیہ السلام چہ اگر قدم مبارک
او در میان نشنود ہر کس دست شفاعت
خود بجناب مبدء بر ندارد و ہیچ چیز از
زندان عدم بر در ہستی و شہود قدم نہند
و ما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین پس
حقیقت او واسطہ باشد درمیان مبدا
و جمیع موجودات و کمالات آں لولاک
لما خلقت الافلاک ازینجا است کہ
گفت حق تعالیٰ اذا ذکرت ذکرت
معی و گفت واسطہ مذکور من لم
یشکر الناس لم یشکر اللہ و ازینجا واجب
شد کہ احمد ایزدی مستتبع درود نبوی
باشد دگر نہ مر حمد را جمال کجاست و مر صاحب
حمد را کمال کجا و در بعضی نسخہ و صلی اللہ
واقع است بجائے والصلوٰۃ

اس کے یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں لام الحمد میں جنس
مستغرق کے لئے ہے کیونکہ مدد و امداد ہر شخص کی
خواہ صالح ہو یا طالح ایمان ہو یا کفر اچھائی ہو یا
برائی انھیں کے جناب سے ہے صلی اللہ علیہ وسلم
کیونکہ اگر قدم مبارک آپ کا درمیان میں نہ ہو کوئی
شخص اپنے شفاعت کا ہاتھ خدا کے درگاہ میں نہ
اٹھا دے اور کوئی چیز عدم کے جیل خانہ سے ہستی
اور شہود کے چبوترے پر قدم نہ رکھے یعنی عدم سے وجود
میں نہ آوے ظاہر و پیدا نہ ہو و ما ارسلناک[1] الا
رحمۃ للعالمین۔ پس حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم
حق تعالیٰ و تمامی موجودات اور کمالات موجودات کے
درمیان واسطہ ہے۔ لولاک[2] لما خلقت الافلاک
اسی مقام سے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے اذا ذکرت[3]
ذکرت معی اور بھی واسطہ مذکور سے فرمایا ہے من لم
یشکر[4] الناس لم یشکر اللہ اسی وجہ سے واجب ہے کہ
خدا کے حمد کے ساتھ نبی پر درود بھیجنا چاہئے نہیں
تو حمد کیلئے جمال اور حمد کرنیوالے کیلئے کمال نہیں ہے۔

---

[1] اور نہیں بھیجا ہم نے آپکو مگر رحمت دونوں جہان کی [2] اگر نہ ہوتے آپ نہ پیدا کرتا افلاک کو [3] جب تو یاد
اللہ کو تو مجھے بھی اسکے ساتھ یاد کر [4] جس نے نہ شکر کیا لوگوں کا اس نے نہ شکر اللہ کا۔

Marfat.com

ق من خزائن الجود والکرم
ل این متعلق است بمد وخزائن جمع
خزینہ است وخزائن جود وکرم حقائق
الٰہیہ اندکہ عبارت از اسمار وصفات
حق تعالیٰ باشند فہو یدبر العالم بالعالم و
لتسمع شرح ہذا انشاء اللہ تعالیٰ وجود
صفت حق است کہ نظر بر مطلع استحقاق
کسی دیر جمال وکمال او از افعال حمیدہ
وصفات پسندیدہ ندارد وگوش خود
بر صدائے سوال مفتوح نسازد سه گر
تو ای گل گوش بر آواز بلبل مسکینی ؛ بکار مشکل
می شود بر بی زبانان چمن ؛ وکرم صفتی است
بخلاف جود وجود فیض رحمانی است وکرم
فیض رحیمی وقول شیخ قدس سرہ کہ مد باشد
اشارت است بانکہ موہبت ہر چیز از حق
جواد کریم است بجود وکرم حق از نیجا
اضافت خزائن بسوی جود وکرم واقع
شد یعنی امداد نبی علیہ السلام مرہم را از
خزائن جود وکرم حق تعالیٰ است پس

بعض نسخوں میں صلواۃ کی جگہ صلی اللہ ہے ۔ یہ مد سے
متعلق ہے خزائن خزینہ کی جمع ہے خزائن جود وکرم حقائق
الٰہیہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے اسمار صفات ہیں بس اللہ تعالیٰ
عالم کی تدبیر عالم سے کرتا ہے آگے اسکی شرح بیان کی جائیگی
انشاء اللہ تعالیٰ ۔ جود حق کی صفت ہے جو کسی کے استحقاق
اور جمال وکمال اور اچھے اچھے کاموں اور فعلوں پر نظر
نہیں رکھتا اور اپنے کان کو اچھے اچھے لوگوں کے سوالوں
پر نہیں کھولتا ہر شخص پر رحمت اُس پر فرض ہے ۔
اے گل اگر تو بلبل کے آواز پر کان لگادیگا تو غریب بیچارے
چمن کے بے زبانوں پر سخت گراں گذرے گا ۔
کرم جود کے صفت سے برعکس ہے جود فیض رحمانی
ہے اور کرم فیض رحیمی ہے ۔ شیخ کا یہ قول کہ مدد
پہنچانے والا ہے اشارا ہے کہ ہر شے کو ہستی عطا
کرنا جود کا کام ہے اسی وجہ سے خزائن کی اضافت
جود وکرم کی طرف واقع ہوئی ۔
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمتوں کو مدد پہنچانا
اللہ تعالےٰ کے جود وکرم کے خزانہ سے ہے ایسی
صورت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہمتوں کو مدد
پہنچانا از روئے خلافت ہے اصالتاً نہیں ہے۔

Marfat.com

امداد نبی علیہ السلام مرہم را از خزائن جود و
کرم از روئے خلافت باشد نہ اصالت
و در بعضی نسخہ خزانہ واقع است بجائے
خزائن

ق بالقیل الاقوم

ل ایں نیز متعلق است بمد یعنی مداست
بسخنی کہ قوام تمام دارد و مستقیم تر باشد
کہ قرآن باشد کہ امداد و مرہم را از راہ
قرآن است ہذا بحر فرات سایغ شرابہ
ہر کہ ازیں بحر مشرب ساخت زقوم حرماں
از سلامت اخروی مراد را گلوگیر نشود و
کام شیریں او را تلخ نگرداند و تشریف
اسلام کہ سازد کاسہ آلام اخروی باشد مشرف
گردد و ہر کہ دراں دریائے عمیق تعمق نمود در
علوم و معارف کہ موجب سعادت سرمدی باشد
برو دست یافت و ذلت دربدری خلاص شد زکوٰۃ
و طہارت حقیقی او را حاصل شد و قول
غواص بحر حقیقت محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم الا زکوٰۃ الا عن ظہر غنی بعینیں

بعضے نسخوں میں خزائن کی جگہ پر خزانہ ہے۔
یہ بھی مد سے متعلق ہے یعنی ایسی بات اور ایسے چیز سے
امداد پہنچاتے ہیں جو بہت ہی مستحکم اور مستقیم ہے کہ قرآن
ہے یعنی ہمتوں کو قرآن کے ذریعہ مدد پہنچانے میں یہ دریا
ہے جس کا پانی نہایت ہی خوشگوار ہے جس نے اس دریا
کے میٹھے پانی کو پیا اس کا حلق شیریں ہو جائے گا اور
حرماں اخروی کا زقوم اس کے گلو گیر نہ ہو گا اور
اس کے حلق شیریں کو کڑوا نہ کرے گا اور شرافت
اسلام سے جو کہ آلام اخری کا توڑنے والا اور [illegible]
ہے مشرف ہو گا۔ اور جس نے کہ اس گہرے دریا [illegible]
لگایا حکمت اور معرفت کے موتیوں کو پایا [illegible]
اور طہارت حقیقی و سعادت سرمدی اس کو حاصل
ہو گئی اور دربدری کی گداگری اور ذلت سے [illegible]
پا گیا غواص بحر حقیقت محمد رسول اللہ [illegible]
وسلم کے قول [illegible] نہیں ہے زکوٰۃ مگر [illegible]
کرنے کا اسی طرف اشارہ ہے اور [illegible]
کے پانی پینے سے روگردانی کی۔
یعنی نہ زیادہ [illegible]
اور یہ دریا تمہاری ہے اور تم سب [illegible]

Marfat.com

چیز اشارت تواند بود و ہر کہ ازاں دریاے
شیریں اعراض نمود در لجۂ ضلالت وتلاطم
غوایت افتاد و ہذا الحراجاج ومن کل تاکلون
لحماطریا چہ ہیچکس از رزق تروتازہ جسمانی
او محروم نیست کہ رحمٰن صفت عام اوست
ع بریں خوان یغما چہ دشمن چہ دوست
وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقہا
پس ایں اکرام وتکریم مختص بفردی نباشد
ولقد کرمنا بنی آدم وتواند بود کہ مراد از
قیل اقوم قول مطلق نبی باشد علیہ السلام
کہ قول او ہیچ وجہ انحراف واعوجاج ندارد
کہ مظہر اسم جامع است واسم ہادی چراغ
ہدایت فرا راہ او دارد وآں قول بلسان
استعداد مرتبہ اوست کہ در غایت کمال
واعتدال واقع شدہ کہ بداں استعداد
استفادہ واستفاضہ وافادہ وافاضہ

ہو کیونکہ کوئی شخص اُس کے تروتازہ رزق سے محروم
نہیں ہے اس لئے کہ عام صفت اُن کی رحمٰن ہے۔

بریں خوان یغما چہ دشمن چہ دوست

ومامن دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقہا[1]۔ پس یہ اکرام وتکریم
کسی فرد کیلئے خاص نہیں ہے ولقد کرمنا بنی آدم[2] تحقیق ہم نے
آدم (علیہ السلام) کے بیٹوں کو عزت دار بنایا اور یہ بھی
ہو سکتا ہے کہ قیل اقوم سے مراد قول مطلق نبی صلی اللہ
علیہ وسلم ہو اس وجہ سے کہ آپ کے قول میں کسی طرح سے
انحراف[3] واعوجاج[4] نہیں ہے کیونکہ آپ مظہر اسم جامع
ہیں اور اللہ تعالیٰ کا اسم ہادی۔ ہدایت کا چراغ
آپ کے راستہ پر رکھے ہوئے ہیں۔ اور یہ بات
حضور پرنور کے استعداد ومرتبہ کے لحاظ سے ہے
کیونکہ آپ کی استعداد اور آپ کا مرتبہ غایت مرتبہ
وکمال رکھتا ہے کہ اُس استعدادات وکمالات
سے ہر شخص جیسی اُس کی استعداد ہوتی ہے استفادہ[5]
واستفاضہ[6] وافادہ[7] وافاضہ[8] حاصل کرتا ہے۔

---

[1] اور نہیں ہے کوئی دابہ زمین میں مگر رزق اُس کا اوپر اللہ کے ہے [2] تحقیق عزت دیا ہم نے آدم کے بیٹوں کو
[3] روگردانی کرنا [4] ٹیڑھا ہونا [5] فائدہ حاصل کرنا [6] فیض حاصل کرنا [7] فائدہ اٹھانا
[8] فیض اٹھانا۔

Marfat.com

میکند بحسب استعداد مردم وانالموفوہم
نصیبہم غیر منقوص ولسانِ قال وحال
تابع لسان استعداد است پس چوں
استعداد کس درغایت کمال باشد
قال وحال او درنہایت صدق و
صفا است پس قول نبی علیہ السلام
اقوم اقوال باشد وحال او اصدق احوال

ق محمد ل عطف بیان است
مرحمد را یعنی آں محمد محمد عربی مکی ہاشمی
است وآں محمد بن عبداللہ بن
عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف
